بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# مشترکہ مکان تقسیم ہونے لگا ہے، کیا اس میں لگایا ہوا سرمایہ واپس لے سکتا ہوں؟

**سوال:**

محترمی و مکرمی متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میرے والد صاحب اپنی حیات میں اپنا رہائشی گھر تقسیم کرنا چاہتے ہیں، وارثین میں ہم دو بھائی اور ایک بہن ہیں۔ چھوٹا بھائی وہ گھر خرید رہا ہے اور مجھے اور بہن کو پیسے دے رہا ہے۔ اس گھر میں میرے کافی پیسے لگے ہیں، کیا میں اپنے وہ پیسے بھائی سے لے سکتا ہوں یا صرف حصہ ہی لینا ہو گا؟

**سائل:** **زید شریف۔انڈیا**

**جواب:**


وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

(1) اگر آپ نے اپنی رقم گھر میں صرف کرتے وقت یہ صراحت کی تھی کہ میں بطور قرض یہ رقم لگا رہا ہوں، یا بطور اشتراک یہ رقم صرف کر رہا ہوں، تو اس صورت میں حسبِ صراحت آپ کے لیے اس رقم کی واپسی کا مطالبہ کرنا جائز ہے۔

(2) اگر رقم لگاتے وقت یہ کہا تھا کہ بطور تبرّع اور احسان لگا رہا ہوں، تب واپسی کا مطالبہ جائز نہیں۔

(3) اگر کوئی صراحت نہیں کی تھی، تب بھی یہ احسان شمار ہو گا، اس لیے واپس نہیں لے سکتے۔

**واللہ اعلم بالصواب**



**04-ذوالقعدہ1443ھ**

**04- جون2022ء**